www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

**Lang. Code : 20**

इस पुस्तिका में **16** पृष्ठ हैं ।
This booklet contains **16** pages.

# ATA-19-II
## प्रश्न-पत्र II / PAPER II
## उर्दू भाषा परिशिष्ट
## Urdu Language Supplement
भाग IV & V / PART IV & V

परीक्षा पुस्तिका संकेत
Test Booklet Code

**E**

परीक्षा पुस्तिका संख्या
Test Booklet No.

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए ।**
**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**
**इस परीक्षा पुस्तिका के पिछले आवरण (पृष्ठ 15 व 16)पर दिए निर्देशों को ध्यान से पढ़ें ।**
**Read carefully the Instructions on the Back Cover (Page 15 & 16) of this Test Booklet.**

**उर्दू में निर्देशों के लिए इस पुस्तिका का पृष्ठ 2 देखें । / For instructions in Urdu see Page 2 of this Booklet.**

### *परीक्षार्थियों के लिए निर्देश*

1. यह पुस्तिका मुख्य परीक्षा पुस्तिका की एक परिशिष्ट है, उन परीक्षार्थियों के लिए जो **या** तो भाग IV (भाषा I) **या** भाग V (भाषा II) **उर्दू** भाषा में देना चाहते हैं, लेकिन **दोनों नहीं** ।
2. परीक्षार्थी भाग I, II, III के उत्तर मुख्य परीक्षा पुस्तिका से दें और भाग IV व V के उत्तर उनके द्वारा चुनी भाषाओं से ।
3. अंग्रेज़ी व हिन्दी भाषा पर प्रश्न मुख्य परीक्षा पुस्तिका में भाग IV व भाग V के अन्तर्गत दिए गए हैं । भाषा परिशिष्टों को आप अलग से माँग सकते हैं ।
4. इस पृष्ठ पर विवरण अंकित करने एवं उत्तर पत्र पर निशान लगाने के लिए **केवल काले/नीले बॉल पॉइंट पेन** का प्रयोग करें ।
5. इस भाषा पुस्तिका का **संकेत** है E । यह सुनिश्चित कर लें कि इस भाषा परिशिष्ट पुस्तिका का संकेत, उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** एवं मुख्य परीक्षा पुस्तिका पर छपे संकेत से मिलता है । अगर यह भिन्न हो, तो परीक्षार्थी दूसरी भाषा परिशिष्ट परीक्षा पुस्तिका लेने के लिए निरीक्षक को तुरन्त अवगत कराएँ ।
6. इस परीक्षा पुस्तिका में **दो** भाग IV और V हैं, जिनमें **60** वस्तुनिष्ठ प्रश्न हैं, जो प्रत्येक 1 अंक का है :
   भाग-IV : भाषा-I (उर्दू) (प्र. 91 से प्र. 120)
   भाग-V : भाषा-II (उर्दू) (प्र. 121 से प्र. 150)
7. भाग-IV में भाषा-I के लिए 30 प्रश्न और भाग-V में भाषा-II के लिए 30 प्रश्न दिए गए हैं । इस परीक्षा पुस्तिका में केवल उर्दू भाषा से संबंधित प्रश्न दिए गए हैं । **यदि भाषा-I और/या भाषा-II में आपके द्वारा चुनी गई भाषा(एँ) उर्दू के अलावा है तो कृपया उस भाषा वाली परीक्षा पुस्तिका माँग लीजिए । जिन भाषाओं के प्रश्नों के उत्तर आप दे रहे हैं वह आवेदन पत्र में चुनी गई भाषाओं से अवश्य मेल खानी चाहिए ।**
8. **परीक्षार्थी भाग-V (भाषा-II) के लिए, भाषा सूची से ऐसी भाषा चुनें जो उनके द्वारा भाषा I (भाग-IV) में चुनी गई भाषा से भिन्न हो ।**
9. रफ कार्य परीक्षा पुस्तिका में इस प्रयोजन के लिए दी गई खाली जगह पर ही करें ।
10. सभी उत्तर केवल OMR उत्तर पत्र पर ही अंकित करें । अपने उत्तर ध्यानपूर्वक अंकित करें । उत्तर बदलने हेतु श्वेत रंजक का प्रयोग निषिद्ध है ।

### *INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES*

1. This booklet is a supplement to the Main Test Booklet for those candidates who wish to answer **EITHER** Part IV (Language I) **OR** Part V (Language II) in **URDU** language, but **NOT BOTH**.
2. Candidates are required to answer Parts I, II, III from the Main Test Booklet and Parts IV and V from the languages chosen by them.
3. Questions on English and Hindi languages for Part IV and Part V have been given in the Main Test Booklet. Language Supplements can be asked for separately.
4. Use **Black/Blue Ball Point Pen only** for writing particulars on this page / marking responses in the Answer Sheet.
5. The CODE for this Language Booklet is **E**. Make sure that the CODE printed on **Side-2** of the Answer Sheet and on your Main Test Booklet is the same as that on this Language Supplement Test Booklet. In case of discrepancy, the candidate should immediately report the matter to the Invigilator for replacement of the Language Supplement Test Booklet.
6. This Test Booklet has **two** Parts, IV and V, consisting of **60** Objective Type Questions, each carrying 1 mark :
   Part-IV : Language-I (Urdu) (Q. 91 to Q. 120)
   Part-V : Language-II (Urdu) (Q. 121 to Q. 150)
7. Part-IV contains 30 questions for Language-I and Part-V contains 30 questions for Language-II. In this Test Booklet, only questions pertaining to Urdu language have been given. **In case the language/s you have opted for as Language-I and/or Language-II is a Language other than Urdu, please ask for a Test Booklet that contains questions on that language. The language being answered must tally with the languages opted for in your Application Form.**
8. **Candidates are required to attempt questions in Part -V (Language-II) in a language other than the one chosen as Language-I (in Part-IV) from the list of languages.**
9. Rough work should be done only in the space provided in the Test Booklet for the same.
10. The answers are to be recorded on the OMR Answer Sheet only. Mark your responses carefully. No whitener is allowed for changing answers.

परीक्षार्थी का नाम (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Name of the Candidate (in Capitals) :
अनुक्रमांक : (अंकों में) ____________________
Roll Number : in figures
: (शब्दों में) ____________________
: in words
परीक्षा केन्द्र (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Centre of Examination (in Capitals) :
परीक्षार्थी के हस्ताक्षर : ____________ निरीक्षक के हस्ताक्षर : ____________
Candidate's Signature : Invigilator's Signature :
Facsimile signature stamp of
Centre Superintendent ____________________

E

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



امتحان سوالنامہ کوڈ

**E**

# ATA-19-II

**Lang. Code : 20**

پرچہ - II

## ضمیمہ اُردو زبان

**حصّہ IV ، V**

اس کتابچہ میں 16 صفحات ہیں

اس سوال نامے کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک کہا نہ جائے۔

سوال نامے کی پشت 15 ، 16 پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

**امیدواروں کے لیے ہدایات :**

1. یہ کتابچہ ان امیدواروں کے لیے بنیادی سوال نامے کا ضمیمہ ہے جو اُردو زبان کے حصّہ IV (زبان I) یا حصّہ V (زبان II) میں جواب دینا چاہتے ہیں۔ **مگر دونوں میں نہیں۔**
2. امیدواروں کو بنیادی سوال نامے کے حصّہ I اور حصّہ II یا حصّہ III کے جواب بنیادی سوال نامے سے دیں اور حصّہ IV، V کے جواب زبانوں میں لکھنے ہوں گے جن کا انھوں نے انتخاب کیا ہے۔
3. حصّہ IV اور V میں ہندی اور انگریزی زبانوں کے سوالات بنیادی سوال نامے میں دیے گئے ہیں۔ زبان کے ضمیمے کو الگ سے مانگا جا سکتا ہے۔
4. اس صفحے پر جواب لکھنے/کوائف لکھنے کے لئے **صرف کالے/ نیلے بال پین** کا ہی استعمال کریں۔
5. اس سوال نامے کا کوڈ **E** ہے۔ جواب نامے کے دوسری جانب دیا گیا کوڈ اور آپ کے بنیادی سوال نامے کا کوڈ ایک ہی ہونا چاہیے، جیسا زبان کے صفحے **2** پر ہے۔ اگر اُس میں کہیں کوئی فرق ہے تو اُمّید وار کو فوراً نگراں کو اطلاع دے کر اس سے زبان کے سوال نامے کا دوسرا ضمیمہ طلب کرنا ہوگا۔
6. اس سوال نامے کے دو حصّے ہیں، IV اور V جو **60** معروضی سوالات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال کا **ایک (1)** نمبر ہے۔
   حصّہ IV زبان I اُردو (سوال نمبر 91 تا 120)
   حصّہ V زبان II اُردو (سوال نمبر 121 تا 150)
7. حصّہ IV زبان I کے 30 سوال اور حصّہ V زبان II کے 30 سوال ہیں۔ اس سوال نامے میں صرف اُردو کے سوالات ہیں۔ **اگر آپ نے اس زبان/زبانوں کو زبان I اور/یا زبان II کی حیثیت سے انتخاب کیا ہے جو اُردو زبان نہیں ہے تو اسی زبان کا سوال نامہ طلب کیجیے۔ آپ کے جواب اسی زبان میں ہونے چاہئیں جسے آپ نے اپنی درخواست میں انتخاب کیا ہے۔**
8. **امیدواروں نے زبان I (حصّہ IV) کی حیثیت سے جس زبان کا انتخاب کیا ہے حصّہ V (زبان II) کے جواب انھیں اس کے علاوہ فہرستِ زبان میں سے دی گئی زبانوں میں سے کسی میں دینے ہوں گے۔**
9. امیدوار کو کچّا کام امتحان کے سوال نامے میں دی گئی خالی جگہ میں ہی کرنا ہوگا۔
10. جوابات کا اندراج صرف OMR جواب نامے پر ہی کرنا ہوگا۔ جوابی نشانات احتیاط سے لگائیں۔ سفیدے کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

امیدوار کا نام : (جلی حروف میں) ____________________

رول نمبر : اعداد میں ____________________

الفاظ میں : ____________________

امتحان کا مرکز : (جلی حروف میں) ____________________

امیدوار کے دستخط : ____________________ نگراں کے دستخط ____________________

سینٹر سپرنٹنڈنٹ کے دستخط کی مہر ____________________

www.prepp.in



اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part-IV (Q.No. 91-120), if they have opted URDU as Language-I only.**

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



# حصّہ - IV

## زبان - I

## اُردو

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ (سوال نمبر 91 تا 99)

لتا کی مقبولیت کا اصل راز اس کی آواز کی نغمگی ہے۔ لتا کے گانے کی ایک اور خاصیت ہے اس کی آواز کی لطافت۔ لتا سے پہلے سنگر نورجہاں بھی ایک اچھی گلوکارہ تھی۔ لیکن لتا کے گانوں میں نرمی اور بے خود کر دینے والی کیفیت پائی جاتی ہے۔ لتا کے گانوں کی ایک اور خصوصیت اس کی بلند آہنگی ہے۔ اس کے گیت کے دولفظوں کے بیچ کا فاصلہ ترنم سے اس طرح بھرا ہوتا ہے کہ دونوں لفظ ایک دوسرے میں سمائے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔ گرچہ ایسا ہو جانا مشکل ہے۔ یہ مان لیا گیا ہے کہ لتا کے گانوں میں دردبھرے جذبات کی عکاسی نہایت موثر انداز میں ہوتی ہے، لیکن میں اس سے متفق نہیں ہوں۔ میرا خیال ہے کہ لتا نے درد انگیز جذبات کے برعکس خوشی کے جذبات والے گیت بڑے والہانہ انداز سے گائے ہیں۔

**.91** لتا کے گانے کی خاصیت کیا ہے؟

(1) اس کی آواز میں نزاکت
(2) اس کی آواز میں نرمی
(3) اس کی آواز کی لطافت
(4) اس کی آواز میں دھیماپن

**.92** لتا سے پہلے کون ایک اچھی گلوکارہ تھی ؟

(1) نورجہاں
(2) زہرہ بائی انبالے والی
(3) شمشاد بیگم
(4) بیگم اختر

**.93** لتا کے گانوں میں کون سی کیفیت پائی جاتی ہے ؟

(1) ایک مسحور کر دینے والی کیفیت
(2) ایک سرشار کر دینے والی کیفیت
(3) ایک نشاط انگیز کیفیت
(4) نرمی اور بے خود کر دینے والی کیفیت

**.94** لتا کے گانوں میں کیا ہے؟

(1) ایک ہم آہنگی
(2) ایک ہم آمیزی
(3) ایک بلند آہنگی
(4) ایک وجد والی کیفیت

www.prepp.in



**.95** لتا کے گانوں میں کون سے جذبات کی عکاسی موثر انداز میں ہوئی ہے؟

(1) دردویاس میں بھرے جذبات کی

(2) خوشی سے بھرے جذبات کی

(3) درد بھرے جذبات کی

(4) خوشی اور درد کے ملے جلے جذبات کی

**.96** لتا کے گیت کے دولفظوں کا فاصلہ کس سے بھرا ہوتا ہے؟

(1) ترنّم سے

(2) نغمگی سے

(3) موسیقیت سے

(4) لے سے

**.97** لفظ کی جمع ہے

(1) لفاظیوں

(2) لفظوں

(3) لفّاظی

(4) لفظیاتوں

**.98** مشکل کا متضاد ہے

(1) سادہ

(2) سہل

(3) آسان

(4) کٹھن

**.99** لتا کی مقبولیت کا راز کیا ہے؟

(1) اس کی آواز کی مٹھاس

(2) اس کی آواز کی نغمگی

(3) اس کی آواز کی کھنک

(4) اس کی آواز میں درد

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے شعری حصّے کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : **(سوال 100 تا 105)**

مسکراؤ خوشی کی بات کرو
رونے والو ہنسی کی بات کرو

یہ اندھیرے کے تذکرے کب تک
دوستوں، روشنی کی بات کرو

اہلِ محفل اداس بیٹھے ہیں
اب کوئی دل لگی کی بات کرو

بات جب ہے کہ دشمنوں سے بھی
جب کرو دوستی کی بات کرو

پھول مرجھا گئے تو کیا غم ہے
کھلنے والی کلی کی بات کرو

**.100** شاعر کس کے تذکرے نہ کرنے کی بات کہہ رہا ہے؟

(1) برے لوگوں کے تذکرے

(2) اندھیرے کے تذکرے

(3) بے ایمانی کے تذکرے

(4) تاریکی کے تذکرے

**.101** شاعر دل لگی کی بات کرنے کو کیوں کہہ رہا ہے؟

(1) اہلِ محفل کو خوش کرنے کی وجہ سے

(2) اہلِ محفل کے خاموش رہنے کی وجہ سے

(3) اہلِ محفل کے اداس بیٹھنے کی وجہ سے

(4) اہلِ محفل کے غم زدہ ہونے کی وجہ سے

**.102** شاعر دشمنوں سے بھی کون سی بات کرنے کو کہہ رہا ہے ؟

(1) محبت کی بات

(2) نفرت کی بات

(3) امن کی بات

(4) دوستی کی بات

**.103** پھول مرجھا گئے تو کیا ________ ہے

ذیل میں دیے گئے لفظوں میں سے صحیح لفظ بھریے :

(1) ڈر

(2) دکھ

(3) غم

(4) شکایت

**.104** دوستی کا متضاد ہے

(1) الفت

(2) رقابت

(3) محبت

(4) دشمنی

**.105** شعر کے دوسرے مصرعے میں شاعر رونے والوں سے کیا کہہ رہا ہے ؟

(1) ہنسی کی بات کرنے کو

(2) خوشیوں کی بات کرنے کو

(3) موسیقی کی بات کرنے کو

(4) اچھے کھانے کی بات کرنے کو

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے سوالوں کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : **(سوال 106 تا 120)**

**.106** ماہرانہ انداز میں پڑھنا نہیں ہوتا ہے

(1) تعمیری (2) تخیلی

(3) ترقی پسندانہ (4) ارادی / عمدی

**.107** درج ذیل میں سے کس کا تعلق توسیعی مطالعے سے نہیں ہے ؟

(1) یہ مطالعے کو زیادہ فرحت بخش بناتا ہے۔

(2) یہ گہری تفہیم کے لیے بالتفصیل مطالعے میں معاون ہوتا ہے۔

(3) زبان کی آموزش میں معاون ہوتا ہے۔

(4) یہ مطالعہ متن کو کلی طور پر سمجھنے کے لیے ہوتا ہے۔

**.108** لکھنے کے عملی رویّے (process approach) کی توجہ ہوتی ہے

(1) صرف طریقہ عمل پر

(2) صرف ماحصل پر

(3) طریقہ عمل اور ماحصل دونوں پر

(4) خوش خط تحریر کے استعمال پر

**.109** زبان کی درسیات میں ادب کی شمولیت کا سب سے اہم عنصر کیا ہے ؟

(1) یہ صرف سننے اور بولنے کی مہارتوں میں اضافہ کرتا ہے۔

(2) یہ مستند مواد ہوتا ہے۔

(3) دوسری تہذیب کے سمجھنے میں طلبا کو مدد ملتی ہے۔

(4) اپنے ذاتی ردعمل کے اظہار میں طلبا کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

Prepp Your Personal Exam Guide

www.prepp.in



**.110** درج ذیل بیان میں سے کون درست ہے؟

(1) اعراب و رموز جملے کے معنی بدل دیتے ہیں۔

(2) اعراب و رموز بشکل جملے کے معنی میں ردوبدل کرتے ہیں۔

(3) اعراب و رموز متن کو خوبصورت بنانے میں معاون ہوتے ہیں۔

(4) اعراب و رموز متن کے مطالعے کی روانی میں رخنہ انداز ہوتے ہیں۔

**.111** طلبا کے لکھنے کے اندازہ قدر کو سب سے زیادہ توجہ دینی چاہیے

(1) صحیح املا اور قواعد پر

(2) خیالات اظہار پر

(3) لفظوں کو مقررہ تعداد میں رکھنے پر

(4) تحریر میں محاورے اور ضرب المثل برتنے پر

**.112** درج ذیل میں سے کون این سی ایف 2005 کے رہنما اصولوں میں شامل نہیں ہے؟

(1) اسکول کے باہر کی زندگی سے معلومات کو جوڑنے پر

(2) رٹی ہوئی آموزش کے طریقہ کو ترک کر دینے کی یقین دہانی پر

(3) نصاب کو درسی کتابوں پر مرکوز ہونا چاہیے

(4) امتحان کو مزید لچک دار اور کلاس روم کی زندگی سے مربوط بنانا چاہیے

**.113** جو حقیقی معلومات، کیا، کب، کہاں اور کس طرح ختم ہوا کے بارے میں لفظی تصویر فراہم کرے وہ ہے

(1) پروجیکٹ ورک

(2) مفوضہ کام (Assignment)

(3) واقعاتی ریکارڈ

(4) ریٹنگ اسکیل

**.114** لڑکے زبان کے حوالے سے کیا کر رہے ہیں، اس کے مظاہرے کا بہترین ثبوت کیا ہے؟

(1) جانچ کے نمبرات

(2) طلبا کا زبان کا استعمال لکھنے اور بولنے میں

(3) قومی درسیات اور نصاب

(4) زبان کے اغراض و مقاصد کی سمجھ

**.115** وائگوتسکی (Vygotsky) کے مچان بندی (Scaffolding) مفروضہ کے مطابق زبان کے آموزگاروں کو دو دو کے جوڑوں اور گروپ میں کام کرنے کا موقع فراہم کرنا چاہئے کیوں کہ

(1) استاد کے لیے کام کی دیکھ بھال آسان ہو جاتی ہے

(2) طلبا کے درمیان تعامل استاد کو آرام کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے

(3) سماجی تعامل ایسے ٹھوس ذرائع فراہم کرتے ہیں جن کے ذریعہ آموزش ہوتی ہے۔

(4) اس طرح کے کاجی تعامل آموزگاروں کو زبان کی آموزش سے منحرف کر دیتے ہیں۔

www.prepp.in



**116.** ابتدائی آوازوں اور ان کے ملاپ کے بجائے آسان اور سادہ جملوں سے زبان کی تدریس کا آغاز کیا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ

(1) ترسیل مکمل جملوں پر مبنی ہوتی ہے۔

(2) اپنے آپ زبان سیکھنے میں تلفظ کی کوئی جگہ نہیں ہے۔

(3) زبان کی آموزش میں قواعد اور تلفظ یکساں اہمیت رکھتے ہیں۔

(4) ترسیل کی ایک بنیاد قواعد ہے۔

**117.** ساتویں جماعت کا استاد زبان کی کلاس میں بصری آموزگاروں کی تدریس کے لیے یو ٹیوب کے ویڈیو، سمعی آموزگاروں کے لیے ریکارڈنگس اور حرکی آموزگاروں کے لیے تعاملی کھیل کا استعمال کرتا ہے۔ استاد کے استعمال کردہ تمام ملٹی میڈیا افراد کی ضرورتیں پوری کرتے ہیں

(1) لسانی فرق

(2) آموزشی انداز

(3) آموزشی خامیاں

(4) مستند مواد

**118.** وقوفیت پسند نظریہ کے مطابق زبان کے استاد کو بچوں کی غلطیوں کو کس طور پر دیکھنا چاہیئے ؟

(1) آموزش میں رکاوٹ اور خلل

(2) غوروفکر کی بصیرت فراہم کرنے والی آموزش کا حصہ

(3) پہلے اصلاح کی جانے والی اور پھر دوبارہ کرنے سے بچنے والی چیز

(4) آموزشی عمل میں بچوں کی ایسی لاپرواہی جس پر فوراً دھیان دینے کی ضرورت ہو۔

**119.** مرتکز سماعت کس کے ساتھ ہوتی ہے ؟

(1) توجہ

(2) تحمّل

(3) ضابطہ

(4) بہتری

**120.** خاموش مطالعہ سے آموزگار سب سے کم کیا حاصل کرے گا ؟

(1) لفظیات

(2) قواعد

(3) بولنے کی مہارت

(4) پڑھنے کی مہارت

www.prepp.in



اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part-V (Q.No. 121-150), if they have opted URDU as Language-II only.**

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



## حصّہ - V
## زبان - II
## اُردو

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے :
**(سوال نمبر 121 تا 128)**

ہماری بڑھتی ہوئی آبادی کے لیے پانی کی فراہمی ایک مشکل مسئلہ ہے۔ جنگلوں کے کٹ جانے اور موسموں میں تبدیلی کی وجہ سے بارش کم ہو رہی ہے۔ زیرِ زمین پانی بورویلس کی پاس پاس کھدائی سے خشک ہو رہا ہے۔ ہندوستان اب صرف زرعی ملک نہیں رہا بلکہ صنعتی ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ نئے نئے کارخانے شہری آبادی کے قریب کھل رہے ہیں۔ ان کارخانوں کی چمنیاں دھواں اگلتی ہیں۔ انسانوں کو سانس لینے کے لیے جو تازہ ہوا اور صاف ہوا چاہیے وہ کم یاب ہوتی جا رہی ہے۔

**121.** جنگلوں کے کٹ جانے اور موسموں میں تبدیلی کی وجہ سے کیا ہو رہا ہے؟
(1) آلودگی بڑھ رہی ہے
(2) گرمی بڑھ رہی ہے
(3) بارش کم ہو رہی ہے
(4) سردی کم ہو رہی ہے

**122.** بورویلس کی پاس پاس کھدائی سے کیا خشک ہو رہا ہے؟
(1) زیرِزمین پانی
(2) زمین میں نمی
(3) ندیوں میں پانی
(4) زمین کے اوپر پانی

**123.** ہندوستان زرعی ملک نہیں رہا بلکہ اس کے ساتھ وہ کس راہ پر گامزن ہے؟
(1) ٹکنالوجی کی راہ پر
(2) سائنسی ترقی کی راہ پر
(3) صنعتی ترقی کی راہ پر
(4) میکینکل ترقی کی راہ پر

**124.** کس آبادی کے قریب نئے نئے کارخانے کھل رہے ہیں؟
(1) شہری آبادی کے قریب
(2) گاؤں کی آبادی کے قریب
(3) گھنی آبادی کے قریب
(4) قصبوں کی آبادی کے قریب

**.125** انسانوں کے لیے کیا چیز کم یاب ہوتی جا رہی ہے ؟

(1) اناج اور اصلی دودھ

(2) صاف ہوا اور سبزیاں

(3) تازہ اور صاف ہوا

(4) صاف پانی اور ایندھن

**.126** مسئلہ کی جمع ہے

(1) مسائل

(2) مسائلوں

(3) مسائلات

(4) مسائلاتوں

**.127** ترقی کا متضاد ہے

(1) بدحالی

(2) تنزّلی

(3) خوش حالی

(4) کامیابی

**.128** بڑھتی ہوئی آبادی کے لیے کیا مشکل مسئلہ ہے ؟

(1) غذا کی فراہمی

(2) پانی کی فراہمی

(3) تعلیم کی فراہمی

(4) صاف ہوا کی فراہمی

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : **(سوال نمبر 129 تا 135)**

عذرا : وہاں تم نے افریقہ کا طوطا دیکھا ہوگا۔ اس سے کچھ ملتا جلتا ہے۔

امجد : مجھے یادنہیں افریقہ کا طوطا کیسا تھا۔

عذرا : خیر آج دیکھ لوگے۔ اور سنو ! وہ جو ہمارے محلے میں رہتے ہیں نا اخبار والے وہ کل اس کا فوٹو لے گئے تھے۔ کہہ رہے تھے اخبار میں چھاپوں گا۔

امجد : پھر تو بڑا عجیب طوطا ہوگا۔

عذرا : اور کیا اتنا عجیب اور اتنا خوب صورت کہ کیا بتاؤں اور پھر باتیں بھی خوب کرتا ہے۔

امجد : جیسے ؟

عذرا : کہتا ہے کہ چاکلیٹ کھاؤ۔ مجھے بھی کھلاؤ۔

امجد : (اُٹھتا ہے) ابھی جاکر دیکھتا ہوں۔

عذرا : (گھبراکر) تو...تو... ہاں سنا ہے، تم نے بہت سے چاکلیٹ جمع کر رکھے ہیں۔

امجد : ہاں 6 جمع تو کیے ہیں۔

عذرا : تو لے کیوں نہیں آتے ؟

**.129** طوطے کا فوٹو چھاپنے کے لیے کون لے گئے تھے ؟

(1) اخباروالے (2) میگزین والے

(3) پریس والے (4) محلّے والے

**.130** امجد نے طوطے کو کیا کہا ؟

(1) خوب صورت طوطا

(2) عجیب طوطا

(3) نایاب طوطا

(4) ہیرامن طوطا

www.prepp.in



131. عذرا نے طوطے کی خوب صورتی کے علاوہ اور کیا خوبی بتائی ؟

(1) وہ اچھے گانے گاتا ہے

(2) وہ سیٹی بجاتا ہے

(3) وہ حاضر جواب ہے

(4) وہ باتیں بھی خوب کرتا ہے

132. عذرا نے امجد سے کیا لانے کو کہا ؟

(1) بسکٹ

(2) چاکلیٹ

(3) نمکین

(4) مٹھائی

133. طوطا کی جمع ہے

(1) طوطوں

(2) طوطین

(3) طواطین

(4) طواطیو ں

134. خوب صورت کا متضاد ہے

(1) بدصورت

(2) خوش نما

(3) بدہیئت

(4) بدنما

135. عذرا نے کون سا طوطا دیکھنے کی بات کی ؟

(1) افریقہ کا طوطا

(2) امریکہ کا طوطا

(3) راجستھان کا طوطا

(4) حیدرآباد کا طوطا

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے سوالوں کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 136 تا 150)**

136. توسیعی مطالعہ بچے کی کون سی دل چسپیوں کو فروغ دیتا ہے؟


(1) غیر مانوس الفاظ کے معنی معلوم کرنے میں

(2) متن میں مستعمل قواعدی اصولوں میں

(3) نظم خوانی میں

(4) محظوظ ہونے کے لیے متن کی قرأت میں

137. استاد ''لیہہ'' (Leh) پر سبق شروع کرنے والا ہے۔ سبق شروع کرنے سے پہلے وہ تختۂ سیاہ پر ایک نقشہ/ خاکہ بنا کر بحث کا آغاز کرتا ہے۔




استاد کے ذریعہ تختۂ سیاہ پر بنایا گیا نقشہ/ خاکہ ہے

(1) ریاست کا نقشہ

(2) تصورات کا خاکہ

(3) موضوعاتی نقشہ

(4) آلۂ نقش

138. بچے موثر انداز میں لکھنا سیکھتے ہیں اگر لکھی ہوئی چیز کو

(1) استاد نے طلبا کو املا بول کر لکھا ہو

(2) لڑکوں کے سیاق سے معنویت رکھتی ہو اور بامعنیٰ ہو

(3) استاد کے سیاق و ثقافت سے معنویت رکھتی ہو

(4) بولی ہوئی آواز اس کی تحریری ہیئت کے مابین ربط ہو

**139.** درج ذیل میں سے کون ماحصل رویّے (product approach) کا انجام کار نہیں ہے ؟

(1) یہ مکمل طور پر استاد مرکوز ہوتا ہے

(2) یہ کرداریت پسند (Behaviourist) ماڈل پر مبنی ہوتا ہے

(3) یہ تیارشدہ (آخری انجام) پر توجہ مرکوز کرتا ہے

(4) یہ خیالات کی آمد اور اُپج پر زور دیتا ہے

**140.** طریقۂ عمل (process approach) کے مطابق لکھنے کا کام شروع کرتے ہوئے درج ذیل میں سے کسے استاد کو نہیں کرنا چاہئے ؟

(1) اجتماعی غوروخوض

(2) نوٹ لکھوانا

(3) مسودہ تیار کرنا

(4) پروف پڑھنا

**141.** رول پلے کو زبان کے ہر کلاس روم کا لازمی حصہ ہونا چاہئے کیوں کہ

(1) یہ بچوں کو آزادانہ گپ مارنے کے قابل بناتا ہے۔

(2) یہ کلاس روم میں نظم و ضبط بنائے رکھنے کا موثر طریقہ ہے۔

(3) یہ بچوں کو کہانی یاد کرنے کے قابل بناتا ہے۔

(4) یہ بچوں کو زبان کے بارے میں بامعنی گفتگو میں شریک ہونے کے قابل بناتا ہے۔

**142.** بچوں سے جب کسی مخصوص موضوع پر مختصر نظم لکھنے کے لیے کہا جاتا ہے تو وہ بروئے کار لاتے ہیں

(1) تخلیقی سوچ کو

(2) مخلصانہ سوچ کو

(3) ہمدردانہ سوچ کو

(4) ثقافتی سوچ کو

**143.** بچوں کو اچھا قاری بنانے کے لیے ان میں لفظیات کو فروغ دینا ایک اچھا عمل ہے۔ درج ذیل میں سے کون لفظیات کو فروغ دینے کی بہترین حکمت عملی ہوسکتی ہے؟

(1) طلبا متضاد و مترادف الفاظ کی طویل فہرست کو یاد کرتے ہیں۔

(2) طلبا کا جب کسی نئے لفظ سے سابقہ پڑتا ہے تو وہ لغت دیکھتے ہیں۔

(3) طلبا متن میں مستعمل مشکل الفاظ کو نشان زد کرتے ہیں اور ان کا جملوں میں استعمال کرتے ہیں۔

(4) طلبا نئے الفاظ کے معنی کے قیاس کے لیے سیاق کو بروے کار لانا سیکھتے ہیں۔

**144.** استاد بچے کی زندگی کے چند اہم واقعات کا مشاہدہ کرتا ہے اور انہیں بیانیہ انداز میں ریکارڈ کرتا ہے۔ اسے کیا کہیں گے ؟

(1) سرنامہ (Rubrics)

(2) پورٹ فولیو

(3) مشاہدہ

(4) واقعاتی ریکارڈ

www.prepp.in



**145.** درج ذیل میں سے کون بولنے کی کامیاب سرگرمی کی خصوصیت ہے ؟

(1) بچوں کی غیر مساوایانہ شرکت

(2) بچوں کو بات چیت کا موقع فراہم کرنے والی سرگرمی

(3) بچوں کو صرف ہدف زبان میں بات کرنے کی اجازت

(4) کلاس روم میں موثر نظم و ضبط کرنے والوں کو زیادہ بات چیت کی اجازت

**146.** وائگوتسکی (Vygotsky) کے مطابق _____ زبان کی آموزش کا سب سے بنیادی جزو ہے

(1) سماجی تعامل

(2) درسی کتاب

(3) ریڈیو

(4) لغت

**147.** درج ذیل میں سے کون سی سرگرمی بولنے کی مہارت کی مشق کے لیے سب سے زیادہ معاون ہوگی ؟

(1) طلبا کسی موضوع پر باضابطہ چھوٹی سی پیش کش کا نظم کریں۔

(2) استاد طلبا کو بامقصد املا لکھوائے۔

(3) طلبا فراہم کردہ اشاروں پر مبنی کہانی کو اپنے انداز میں پیش کریں۔

(4) طلبا اچھی سی ایک پروجیکٹ رپورٹ تیار کریں۔

**148.** پڑھنے کا کون سا مرحلہ طلبا کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ اپنی سابقہ معلومات کو نئی حاصل کردہ معلومات سے کلاس روم سے باہر کی دنیا سے مربوط کریں۔

(1) ماقبل مطالعہ

(2) دوران مطالعہ

(3) قبل از مطالعہ

(4) مابعد مطالعہ

**149.** وقوفیت پسندوں کے مطابق بچے زبان کی آموزش موثر طریقے سے کرتے ہیں، جب

(1) استاد کلاس کو کنٹرول کرتا اور بچوں کو بہت کم موقع دیتا ہے۔

(2) وہ بچوں کو قواعد کے اصول یاد کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

(3) بچے تختۂ سیاہ سے جوابات صاف صاف نقل کرتے ہیں۔

(4) استاد مختلف مہارتوں پر مبنی کاموں اور سرگرمیوں میں شرکت کے لیے طلبا کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

**150.** اچھا سامع

(1) الفاظ کو ادا کرنے کا طریقہ سیکھ سکتا ہے۔

(2) کارفرما ارادوں کو پہچان سکتا ہے۔

(3) پوچھے گئے سوالوں کا صحیح جواب دے سکتا ہے۔

(4) ہر لفظ کا تلفظ صحیح صحیح کرتا ہے۔

**نیچے لکھی ہدایات کو غور سے پڑھیے :**

1. مختلف سوالات کے جوابات دینے کی ترتیب کو واضح طور پر ٹیسٹ بک لیٹ میں دیا گیا ہے۔ آپ سوالوں کا جواب دینے سے قبل اس کو دھیان سے پڑھ لیں۔
2. ہر سوال کے جواب میں دیے گئے چار متبادلوں میں سے درست جواب کے دائرے کو کالے/ نیلے بال پوائنٹ پین سے OMR جوابی شیٹ کی دوسری جانب پوری طرح گہرا کرکے بھر دیں۔ جواب پر ایک بار نشان لگانے کے بعد اُسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔
3. امیدوار کو اچھی طرح دیکھ لینا چاہیے کہ جوابی شیٹ موڑی نہ گئی ہو۔ جوابی شیٹ پر کسی قسم کا کوئی نشان نہ چھوڑیں، جوابی شیٹ میں نشان زد کی جگہ کے علاوہ اپنا رول نمبر کہیں دوسری جگہ نہ لکھیں۔
4. سوالنامے اور جوابی شیٹ کو احتیاط سے استعمال کریں، دوسری جوابی شیٹ کسی بھی حال میں (سوائے سوالنامہ کوڈ یا نمبر اور جوابی شیٹ کے کوڈ یا نمبر کے فرق کے) نہیں دی جائے گی۔
5. امیدوار حاضری کے کاغذ پر، جوابی شیٹ/سوالنامے میں دیے گئے کوڈ کو بالکل درست اور اسی طرح لکھیں جس طرح وہ سوالنامے میں لکھا گیا ہے۔
6. OMR جوابی شیٹ میں بھری ہوئی معلومات کو ایک مشین کے ذریعے پڑھا جائے گا۔ کوئی بھی معلومات داخلہ کا دور میں دی گئی معلومات سے مختلف نہ ہو اور ادھوری نہ ہوں۔
7. امیدوار کو اپنے داخلہ کارڈ کے علاوہ کسی بھی قسم کا درسی مواد، چھپا ہوا یا لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا، موبائل فون، پیجر، الیکٹرونک آلات امتحال ہال میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔
8. امیدوار کو موبائل فون، وائرلیس کمیونی کیشن کے ڈوائسوں کو امتحان ہال کے کمروں میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ امیدوار کو ان کے مفاد میں یہ صلاح دی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موبائل فون یا کسی دوسرے کمیونی کیشن کو سوئچ آف کرکے بھی اپنے پاس نہ رکھیں۔ ان ہدایت پر عمل نہ کرنے پر امتحان ہال میں غیر مناسب ذرائعوں کا استعمال سمجھا جائے گا اور ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی، ان کے امتحان کو ردّ بھی کیا جا سکتا ہے۔
9. امیدوار کو نگراں کے مانگے جانے پر اپنا داخلہ کارڈ دکھانا ہوگا۔
10. سینٹر سپرنٹنڈنٹ یا نگراں کی اجازت کے بغیر کوئی امیدوار اپنی جگہ نہیں چھوڑے گا۔
11. امیدوار جوابی شیٹ ہال میں موجود نگراں کے سپرد کئے بغیر یا حاضری پر دوبارہ دستخط کئے بغیر کمرے/ ہال سے باہر نہیں نکلیں گے۔ اگر امیدوار حاضری کے کاغذ پر دوبارہ دستخط نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اس نے جوابی شیٹ جمع نہیں کرائی اور اسے غیر قانونی ذرائع کا استعمال سمجھا جائے گا۔
12. الیکٹرونک/ ہاتھ کے کیلکولیٹر کا استعمال ممنوع ہے۔
13. امیدوار کمرۂ امتحان میں، بورڈ کے اصول وضوابط کے پابند ہوں گے۔ غیر قانونی ذرائع کے استعمال کے تمام معاملات سے بورڈ کے اصول و ضوابط کے تحت ہی نپٹا جائے گا۔
14. سوالنامے یا شیٹ کا کوئی حصّہ کسی بھی وجہ سے سوالنامے/ جوابی شیٹ سے الگ نہیں کیا جائے گا۔
15. **امتحان ختم ہونے پر امیدواروں کو جوابی شیٹ ڈیوٹی پر موجود نگراں کے سُپرد کرنی ہوگی۔ امیدوار کو سوال نامہ اپنے ساتھ لے جانے کی اجازت ہوگی۔**

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



**निम्नलिखित निर्देशों को ध्यान से पढ़ें :**

1. जिस प्रकार से विभिन्न प्रश्नों के उत्तर दिए जाने हैं उसका वर्णन परीक्षा पुस्तिका में किया गया है, जिसे आप प्रश्नों का उत्तर देने से पहले ध्यान से पढ़ लें ।
2. प्रत्येक प्रश्न के लिए दिए गए चार विकल्पों में से सही उत्तर के लिए OMR उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** पर केवल एक वृत्त को ही पूरी तरह **काले/नीले बॉल पॉइन्ट पेन** से भरें । एक बार उत्तर अंकित करने के बाद उसे बदला नहीं जा सकता है ।
3. परीक्षार्थी सुनिश्चित करें कि इस उत्तर पत्र को मोड़ा न जाए एवं उस पर कोई अन्य निशान न लगाएँ । परीक्षार्थी अपना अनुक्रमांक उत्तर-पत्र में निर्धारित स्थान के अतिरिक्त अन्यत्र न लिखें ।
4. परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र का ध्यानपूर्वक प्रयोग करें, क्योंकि किसी भी परिस्थिति में (केवल परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र के संकेत या संख्या में भिन्नता की स्थिति को छोड़कर) दूसरी परीक्षा पुस्तिका उपलब्ध नहीं करायी जाएगी ।
5. परीक्षा पुस्तिका / उत्तर पत्र में दिए गए परीक्षा पुस्तिका संकेत व संख्या को परीक्षार्थी सही तरीके से हाज़िरी-पत्र में लिखें ।
6. OMR उत्तर पत्र में कोडित जानकारी को एक मशीन पढ़ेगी । इसलिए कोई भी सूचना अधूरी न छोड़ें और यह प्रवेश-पत्र में दी गई सूचना से भिन्न नहीं होनी चाहिए ।
7. परीक्षार्थी द्वारा परीक्षा हॉल/कक्ष में प्रवेश-पत्र के सिवाय किसी प्रकार की पाठ्य-सामग्री, मुद्रित या हस्तलिखित, कागज़ की पर्चियाँ, पेजर, मोबाइल फोन, इलेक्ट्रॉनिक उपकरण या किसी अन्य प्रकार की सामग्री को ले जाने या उपयोग करने की अनुमति नहीं है ।
8. मोबाइल फोन, बेतार संचार युक्तियाँ (स्वीच ऑफ अवस्था में भी) और अन्य प्रतिबंधित वस्तुएँ परीक्षा हॉल/कक्ष में नहीं लाई जानी चाहिए । इस सूचना का पालन न होने पर इसे परीक्षा में अनुचित साधनों का प्रयोग माना जाएगा और उनके विरुद्ध कार्यवाही की जाएगी, परीक्षा रद्द करने सहित ।
9. पूछे जाने पर प्रत्येक परीक्षार्थी, निरीक्षक को अपना प्रवेश-पत्र दिखाएँ ।
10. केन्द्र अधीक्षक या निरीक्षक की विशेष अनुमति के बिना कोई परीक्षार्थी अपना स्थान न छोड़ें ।
11. कार्यरत निरीक्षक को अपना उत्तर पत्र दिए बिना एवं हाज़िरी-पत्र पर दुबारा हस्ताक्षर किए बिना परीक्षार्थी परीक्षा हॉल/कक्ष नहीं छोड़ेंगे । यदि किसी परीक्षार्थी ने दूसरी बार हाज़िरी-पत्र पर हस्ताक्षर नहीं किए, तो यह माना जाएगा कि उसने उत्तर पत्र नहीं लौटाया है और यह अनुचित साधन का मामला माना जाएगा । **परीक्षार्थी अपने बाएँ हाथ के अंगूठे का निशान हाज़िरी-पत्र में दिए गए स्थान पर अवश्य लगाएँ ।**
12. इलेक्ट्रॉनिक / हस्तचालित परिकलक का उपयोग वर्जित है ।
13. परीक्षा हॉल/कक्ष में आचरण के लिए परीक्षार्थी बोर्ड के सभी नियमों एवं विनियमों द्वारा नियमित हैं । अनुचित साधनों के सभी मामलों का फैसला बोर्ड के नियमों एवं विनियमों के अनुसार होगा ।
14. किसी हालत में परीक्षा पुस्तिका और उत्तर पत्र का कोई भाग अलग न करें ।
15. **परीक्षा सम्पन्न होने पर, परीक्षार्थी हॉल / कक्ष छोड़ने से पूर्व उत्तर पत्र कक्ष-निरीक्षक को अवश्य सौंप दें ।** ***परीक्षार्थी अपने साथ इस परीक्षा पुस्तिका को ले जा सकते हैं ।***

**READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY :**

1. The manner in which the different questions are to be answered has been explained in the Test Booklet which you should read carefully before actually answering the questions.
2. Out of the four alternatives for each question, only one circle for the correct answer is to be darkened completely with **Black/Blue Ball Point Pen** on **Side-2** of the OMR Answer Sheet. The answer once marked is not liable to be changed.
3. The candidates should ensure that the Answer Sheet is not folded. Do not make any stray marks on the Answer Sheet. Do not write your Roll No. anywhere else except in the specified space in the Answer Sheet.
4. Handle the Test Booklet and Answer Sheet with care, as under no circumstances (except for discrepancy in Test Booklet Code or Number and Answer Sheet Code or Number), another set will be provided.
5. The candidates will write the correct Test Booklet Code and Number as given in the Test Booklet / Answer Sheet in the Attendance Sheet.
6. A machine will read the coded information in the OMR Answer Sheet. Hence, no information should be left incomplete and it should not be different from the information given in the Admit Card.
7. Candidates are not allowed to carry any textual material, printed or written, bits of papers, pager, mobile phone, electronic device or any other material except the Admit Card inside the examination hall/room.
8. Mobile phones, wireless communication devices (even in switched off mode) and the other banned items should not be brought in the examination halls/rooms. Failing to comply with this instruction, it will be considered as using unfair means in the examination and action will be taken against them including cancellation of examination.
9. Each candidate must show on demand his / her Admit Card to the Invigilator.
10. No candidate, without special permission of the Centre Superintendent or Invigilator, should leave his / her seat.
11. The candidates should not leave the Examination Hall/Room without handing over their Answer Sheet to the Invigilator on duty and sign the Attendance Sheet twice. Cases where a candidate has not signed the Attendance Sheet second time will be deemed not to have handed over the Answer Sheet and dealt with as an unfair means case. **The candidates are also required to put their left hand THUMB impression in the space provided in the Attendance Sheet.**
12. Use of Electronic / Manual Calculator is prohibited.
13. The candidates are governed by all Rules and Regulations of the Board with regard to their conduct in the Examination Hall/Room. All cases of unfair means will be dealt with as per Rules and Regulations of the Board.
14. No part of the Test Booklet and Answer Sheet shall be detached under any circumstances.
15. **On completion of the test, the candidate must hand over the Answer Sheet to the Invigilator in the Hall / Room.** ***The candidates are allowed to take away this Test Booklet with them.***